PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

بنگلہ دیش کے خلاف تیسرے ٹی ٹونٹی کے دوران عمر گل کے اعزاز میں تقریب

لاہور، 27 جنوری 2020ء:

پیر کے روز پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے فاسٹ باؤلر عمر گل کے اعزاز میں تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین پی سی بی احسان مانی نے فاسٹ باؤلر عمر گل کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں اعزازی شیلڈ سے نوازا۔ تقریب کا اہتمام پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان سیریز کے تیسرے اور آخری ٹی ٹونٹی میچ والے دن کیا گیا۔

عمر گل نے انگلینڈ میں کھیلے گئے آئی سی سی ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ 2009 میں نیوزی لینڈ کے خلاف 3 اوورز میں 6 رنز کے عوض 5 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی تھی جو کہ اس وقت ایک عالمی ریکارڈ تھا۔ عمر گل نے ایونٹ میں سب سے زیادہ 13 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ میگا ایونٹ کے فائنل میں پاکستان نے سری لنکا کو 8 وکٹوں سے شکست دی تھی۔

عمر گل کا یہ ورلڈ ریکارڈ اگست 2011 میں سری لنکا کے اجنتھا مینڈس نے اس وقت توڑا جب انہوں نے آسٹریلیا کے خلاف پالی کیلے میں 16 رنز کے عوض 6 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ ٹی ٹونٹی کرکٹ میں فی الحال بہترین باؤلنگ کا ریکارڈ بھارت کے دیپک چہار کے پاس ہے۔ انہوں نے بنگلہ دیش کے خلاف نومبر 2019 میں 7 رنز دے کر 6 وکٹیں حاصل کر رکھی ہیں۔

فاسٹ باؤلر عمر گل نے 2013 میں ایک بار پھر ٹی ٹونٹی کرکٹ کے ایک میچ میں 5 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ انہوں نے سنچورین میں جنوبی افریقہ کے خلاف 6 رنز کے عوض 5 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی تھی۔

عمر گل:

عمر گل نے کہا کہ انہوں نے اپنے ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل کرکٹ کیریئر میں پاکستان کے لیے زیادہ سے زیادہ کامیابیاں سمیٹنے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ انہیں پاکستان کی نمائندگی کرنے پر فخر ہیں۔

عمر گل نے کہا کہ وہ پاکستان کرکٹ بورڈ کے معترف ہیں جنہوں نے ان کی خدمات کے اعتراف میں انہیں اعزاز سے نوازا ہے۔ فاسٹ باؤلر نے کہا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ میں تبدیلی واضح ہے، یہاں ملک کی خدمت کرنے والے کرکٹرز کو نوازا جانا خوش آئندہ ہے۔

انہوں نے کہا کہ ان اقدامات سے نہ صرف کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے بلکہ نوجوانوں میں ملک کی خدمت کرنے کا جذبہ بڑھتا ہے۔

پی سی بی اس سے قبل سری لنکا کے خلاف راولپنڈی ٹیسٹ میں جاوید میانداد اور کراچی ٹیسٹ میں سلیم یوسف اور راشد خان کو اعزاز سے نواز چکا ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of

playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4